**STD : VIII**

**ANNUAL EVALUATION 2017-18**

**First Language Part-1 (Urdu)**

**Time :1 ½ Hrs**
**Score : 40**

# Model Answers

by Faisal Vafa, H.S.A. Urdu, GHSS Chalissery, Palakkad. faisalvafa@gmail.com 9846907761

1 نامناسب لفظ چن کر لکھیے۔ 1

[ ڈاکو، ڈاکیا، ڈاک ٹکٹ، ڈاک گھر]

2 کتنا ہے بدنصیب ظفر دفن کے لیے 2

دو گز زمین بھی نہ ملی کوئے یار میں

بچّو، اس شعر کا شاعر کون ہے؟

3 کہانی "ایک خواب اور..." آپ نے پڑھی ہے نا؟ سندیپ اس کہانی کا اہم کردار ہے۔ 2

کہانی کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔

4 بچّو، اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں سے بھارت کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔ 2

[a ہم ارض و سماں کو ہلا دیں گے
مزدور ہیں ہم مزدور ہیں ہم

[b مذہب کچھ ہو ہندی ہیں ہم سارے بھائی بھائی ہیں
ہندو ہیں یا مسلم ہیں یا سکھ ہیں یا عیسائی ہیں

[c پھیلی ہوئی ہے چین و مصر و عراق تک یہ
قومیں جہاں کی اس سے ہیں ہم زبان ہماری

5 سامان خریدنے کے لیے بازار میں کئی طرح کی منڈیاں ہوتی ہیں۔ دو منڈیوں کے نام لکھیے۔ 2

| | |
|---|---|
| 1 | ڈاکو |
| 2 | بہادر شاہ ظفرؔ |
| 3 | بھاسکر، سلیم |
| 4 | مذہب کچھ ہو ہندی ہیں ہم سارے بھائی بھائی ہیں<br>ہندو ہیں یا مسلم ہیں یا سکھ ہیں یا عیسائی ہیں |
| 5 | اناج منڈی، حلوہ منڈی |

6 ہمارے شہر اور گاؤں دن بہ دن آلودگی کا شکار ہوتا جا رہا ہے۔
شہر اور گاؤں کو آلودگی سے بچانے کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ تین جملے لکھیے۔

7 دور دور تک پھیلے ہوئے کھیت، محنت کرنے والے مرد اور عورتیں، بہتی ہوئی ندیاں...
واہ! اشوک پورم گاؤں کا نظارہ کتنا حسین ہے!
بچّو، آپ کا گاؤں کیسا ہے؟ آپ کے گاؤں کے بارے میں چار جملے لکھیے۔

8
گنگا جی کی پیاری لہریں گیت سناتی جاتی ہیں
صدیوں کی تہذیب ہماری یاد دلاتی جاتی ہیں
بھارت کے گلزاروں کو سبز بناتی جاتی ہیں
کھیتوں کو ہریالی دیتی پھول کھلاتی جاتی ہیں

بچو، ان اشعار میں شاعر گنگا ندی کے بارے میں کیا کیا بیان کرتا ہے؟ اشعار کا مطلب لکھیے۔

9 ہمارے آس پاس کئی پیشے اور مزدور لوگ ہیں۔ مزدور لوگ ہماری ساری ضرورتیں پورا کرتے ہیں۔.......
"تم کیا سمجھتی ہو رکمنی، کونسا کام شریفانہ نہیں ہے"؟
بچّو، بھاسکر کے اس قول پر آپ کی کیا رائے ہے؟ دو تین جملوں میں اپنے خیالات لکھیے۔

10 اردو زبان نے آزادی کی لڑائی میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا ہے۔ اردو پوری دنیا میں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔
بچّو، اردو زبان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔ نوٹ لکھیے۔

6 شہر اور گاؤں کو آلودگی سے بچانے کے لیے ہم لوگ بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ ہر گھر اور دکان کے کوڑے کچرے ایک جگہ پر جمع کریں۔ گلیوں اور سڑکوں کو روز بروز صاف کریں۔ سماج کے ہر فرد صفائی کا خیال رکھیں۔

7 میرا گاؤں بہت سندر ہے۔ وہاں بہت سے ناریل اور چھالیا کے باغات ہیں۔ میرے گاؤں کے اکثر لوگ کسان تھے، لیکن آج کل اکثر لوگ دیگر ملازمت میں مصروف ہیں۔ میرے گاؤں میں نالے ہیں۔ ہم لوگ اس میں ہر دن نہا رہے ہیں۔

8 یہ اشعار مشہور شاعر افسرؔ میرٹھی کے لکھے ہوئے ہیں۔ یہ ان کی ہندوستان پر لکھی ہوئی نظم سے لیے گئے ہیں۔ شاعر اس نظم میں ہمارے وطن ہندوستان کی چند خصوصیات کا ذکر کر رہے ہیں۔ شاعر ان اشعار میں کہتے ہیں: گنگا ہمارے ملک کی پیاری اور پاک ندی ہے۔ یہ ندی گیت گاتی ہوئی بہہ رہی ہے۔ اس کے بہاؤ میں ہمیں اپنے ملک کی صدیوں پرانی تہذیب کی یاد ملتی ہے۔ یہ ندی بھارت کے گلستانوں کو سرسبز بنا کر ان میں پھول کھلا رہی ہے اور سارے کھیتوں کو ہریالی دیتی ہے۔

9 بھاسکر کے اس قول پر میرا خیال بہت روشن ہے۔ اس دنیا میں ہر ایک کام شریفانہ ہی ہے۔ لیکن چوری، غنڈے کا کام وغیرہ کام کاج کے گروہ میں نہیں آتے ہیں۔ دوسروں کو تکلیف نہ دیتے ہوئے اور غیروں کی دولت کو نقصان نہ پہنچاتے ہوئے جو کام کرتے ہیں، وہ کام کاج ہے۔ اس لیے دنیا میں کسی کام کو شریفانہ کام کہنا ٹھیک نہیں ہے۔

10 اردو دنیا کی ایک مقبول زبان ہے۔ یہ شیریں زبان ہے۔ یہ زبان ہندوستان ہی میں پیدا ہوئی۔ اس میں ادب اور علم کو بڑی حیثیت حاصل ہے۔ غزل اردو زبان کی جان ہے۔

11 ماحول کو صاف رکھنا ہمارا فرض ہے۔ آج آلودگی کی وجہ سے مختلف بیماریاں پھیل رہی ہیں۔
ان بیماریوں سے بچنے کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ تین جملے لکھیے۔

12 رنگ برنگے پھول، پھولوں کا رس چوسنے والی تتلیاں اور چہچہانے والی چڑیاں....
واہ! کیا خوش نما نظارہ ہے۔
بچّو، آپ نے پارک دیکھا ہے نا؟ پارک کے بارے میں ایک نوٹ تیار کیجیے۔

11 پھیلی ہوئی بیماریوں سے بچنے کے لیے ہم کو بہت کچھ باتیں عمل میں لانا چاہیے۔ اکثر بیماریاں ہماری غفلت اور ناجائز حرکات سے ہی پھیل رہی ہیں۔ ان بیماریوں کا پھیلاؤ روکنے کے لیے ہماری ذمہ داریاں بہت ہیں۔ آس پاس کی صفائی پر خیال رکھنا بہت اہم ہے۔ ذاتی صفائی بھی بہت ضروری ہے۔ غذائی عادات پر بھی ہم بڑا خیال رکھیں۔

12 پارک ایک تفریحی جگہ ہے۔ پارک بہت خوب صورت ہے۔ پارک میں بچّوں کے کھیلنے کے لیے بہت ساری چیزیں ہیں۔ پارک میں تالاب اور فوّارے ہیں۔ وہاں پھولوں سے بھرے ہوئے باغات ہیں۔ وہاں کے خوب صورت نظارے دیکھ کر لوگ خوش ہوتے ہیں۔

13 چار سال کے بعد سندیپ دبئی سے اپنا گھر لوٹ آیا۔ دوسرے دن وہ اپنے جگری دوست سلیم سے ملا۔
سندیپ کو دیکھ کر سلیم نے پوچھا۔
سلیم : ارے، سندیپ! اتنے دن تم کہاں تھے؟
سندیپ : ......................................
بچّو، سلیم اور سندیپ کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

14 کیسا سہانا کیسا سندر پیارا دیس ہمارا ہے
دکھ میں سکھ میں ہر حالت میں بھارت دل کا سہارا ہے
اس شعر میں ہندوستان کے بارے میں بیان کیا گیا ہے۔
بچّو، شاعر آفسر میرٹھی اس شعر کے ذریعے ہمارے دیس کے بارے میں کیا کہنا چاہتا ہے؟
شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

15 ہندوستان میں لال قلعہ جیسی بہت سی تاریخی عمارتیں ہیں۔
[a بچّو، دو تاریخی عمارتوں کے نام لکھیے؟
[b آپ کا پسندیدہ ایک تاریخی عمارت کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

13 سلیم : ارے سندیپ! اتنے دن تم کہاں تھے؟
سندیپ: کیا کہوں سلیم! میں بڑی مصیبت میں پھنس گیا۔
سلیم : کیا ہوا دوست؟ مجھ کو بتادو۔

| | |
|---|---|
| سندیپ : وہاں ہوائی اڈّے پر میرے پاس ایک نوجوان آیا تھا۔ اس سے بڑی دوستی بھی ہوئی۔<br>سلیم : پھر کیا ہوا سندیپ؟<br>سندیپ : وہ مجھے ایک جگہ پر لے گیا۔ پھر میرا ہوش کھو گیا۔<br>سلیم : سبحان اللہ! پھر کیسے بچ گیا میرے یار؟<br>سندیپ : سب خدا کی فضل و کرم ہے بھائی!<br>سلیم : سندیپ، تم اندر آؤ۔ ایک چائے پیئیں۔<br>سندیپ : ٹھیک ہے سلیم۔ شکریہ! | |
| یہ شعر مشہور شاعر افسرؔ میرٹھی کی ہندوستان پر لکھی ہوئی ایک خوب صورت نظم سے ماخوذ ہے۔ شاعر اس نظم میں ہمارے وطن ہندوستان کی چند خصوصیات کا ذکر کر رہے ہیں۔ شاعر اس شعر میں ہمارے ملک کی سہانی حالت کا ذکر کر رہے ہیں۔ شاعر کہتے ہیں: ہمارا دیس کیسا پیارا ہے اور کیسا سہانا ہے۔ اس دیس میں جینے والے ہم لوگ بڑے خوش نصیب ہیں۔ کیوں کہ یہاں کی زندگی خوش گوار ہوتی ہے۔ اس لیے ہماری زندگی دکھ میں ہو یا سکھ میں، ہر حالت میں دل کا سہارا ہمارا وطن ہی ہے۔ | 14 |
| a) قطب مینار اور تاج محل<br>b) تاج محل میرا پسندیدہ تاریخی عمارت ہے۔ مغل بادشاہ شاہ جہاں نے یہ خوب صورت عمارت بنوائی۔ یہ ان کی بیوی ممتاز کی یادگار ہے۔ تاج محل دنیا کے سات عجائبات میں ایک ہے۔ یہ ہندوستان کی فخر ہے۔ ہر دن بہت سے لوگ تاج محل دیکھنے کے لیے آتے ہیں۔ ان لوگوں میں دیس بدیس کے باشندے موجود ہیں۔ یہ ہندوستان کی تہذیب کی نشانی بھی ہے۔ | 15 |
| 16 سندیپ دبئی جا کر چار سال ہو گئے۔ اب تک اس کا پتہ نہیں۔ اس کے ابّا، امّی اور دادی وغیرہ بہت پریشان ہیں۔<br>گھر کے حالات بیان کرتے ہوئے شالمی اپنی سہیلی نادرہ کے نام ایک خط لکھنا چاہتی ہے۔<br>خط تیار کیجیے۔<br>17 ۹/نومبر کو "عالمی یومِ اردو" منایا جاتا ہے۔ اس سال سلمہ کے اسکول میں عالمی یومِ اردو بڑی دھوم دھام سے منانے کا فیصلہ کیا ہے۔ پروگرام کے افتتاح کے لیے ایم-ایل-اے [MLA] کو دعوت کی گئی ہے۔ بچوں کے مختلف پروگرام منعقد کیے گئے ہیں۔<br>بچوّ، اس پروگرام کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔<br>اشارے :- جگہ، تاریخ، وقت، صدارت، افتتاح<br>18 بوڑھا گووند اکیلا رہتا ہے۔ وہ پارک کے ایک کونے میں مایوس بیٹھا تھا۔ اس کا بیٹا، بہو اور پوتی ملیشیا میں ہیں۔<br>بچوّ، آپ کو بوڑھا گووند سے ملنے کا موقع ملا تو کیا کیا سوالات کریں گے؟<br>چار سوالات تیار کیجیے۔ | |

| | |
|---|---|
| 16 | شانتی نگر<br>۲۸/فروری ۲۰۱۸ء<br>پیاری سہیلی، آداب وتسلیمات!<br>امید ہے کہ تم اور خاندان بخیر ہوں گے۔ ہم لوگ یہاں بڑے دکھ میں ہیں۔ کیوں کہ میرا بھائی سندیپ چند دنوں سے گمشدہ ہے۔ وہ نوکری کی تلاش میں دُبئی جاکر چار سال گزر گئے ہیں۔ پچھلے مہینے میں اُسے چھٹیاں مل گئیں۔ اس کے مطابق وہ گھر واپس آنے کی تیاریاں کر رہا تھا۔ لیکن چند دنوں سے اس کا کچھ پتہ نہیں ہے۔ ہم لوگوں کی ایک ہی امید اور سہارا وہی ہے۔ اس کی واپسی کے لیے تم اور خاندان والے دعا کریں۔<br>تمھاری پیاری سہیلی<br>(دستخط)<br>شاملی |
| 17 | گورنمینٹ ہائی اسکول، ملبار<br>کے اردو کلب کے ماتحت<br>شاعرِ مشرق علامہ اقبال کی یومِ ولادت پر<br>**عالمی یومِ اردو**<br>افتتاح : محترم جوزف البرٹ (ایم۔ایل۔اے۔)<br>صدارت : محترمہ رما دیوی (صدرِ پنچایت)<br>بچّوں کے رنگ برنگے پروگرام<br>☆ بروز جمعرات ۹/نومبر ۲۰۱۸ء ☆ بوقت صبح گیارہ بجے<br>بمقام اسکول جوبیلی ہال<br>سب کو خیر مقدم! شرکت کریں!! چار چاند لگائیں!!! |
| 18 | داداجان، آپ کیوں مایوس بیٹھتے ہیں؟<br>آپ کا بیٹا کہاں رہتا ہے؟<br>آپ کے گھر میں اور کون کون ہیں؟<br>آپ کی زندگی کیسی گزر رہی ہے؟ |